© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## آسان قرآت

مرتب : جناب محمد نور الاسلام غازی مونگیری

ناشر : مجمع شبان المسلمین العالمی (پاکستان) فورٹ روڈ، لاہور

صفحات ۳۲+۱۵ کل ۴۸ صفحات۔ قیمت دو روپے

قرآن مجید، اللہ کا کلام اور دنیا کی مقدس ترین کتاب ہے۔ یہ وہی نطقِ جبریل ہے جو اللہ نے اپنے آخری نبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مطہر پر نازل فرمایا۔ اس کے ایک ایک حرف کی تلاوت سے دس دس نیکیاں حاصل ہوتی ہیں، جس جگہ اس کی تلاوت کی جائے وہاں اللہ کی رحمتوں کا نزول شروع ہوجاتا ہے اور فرشتے آسمان سے اُتر کر رحمتِ خداوندی کا نظارہ کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے، خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ۔ یعنی تم میں بہتر شخص وہ ہے جو خود قرآن پڑھتا اور لوگوں کو اس کی تعلیم دیتا ہے۔

قرآن مجید کے بارے میں خصوصیت سے ارشاد فرمایا گیا ہے کہ اسے ٹھہر ٹھہر کر اور خوش الحانی کے ساتھ پڑھا جائے لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں بالعموم اس کا التزام نہیں کیا جاتا، اور ہم میں سے اکثر کو یہ معلوم ہی نہیں کہ اس کی تلاوت کا اصل طریقہ کیا ہے — ہم جناب محمد نور الاسلام غازی مونگیری کے شکر گزار ہیں کہ اللہ نے ان کو توفیق مرحمت فرمائی اور انھوں نے "آسان قرآت" کے نام سے ایک ایسا رسالہ سپردِ قلم کیا، جس میں قرآن کے حروف کے صحیح تلفظ اور مخارج کی عمدہ طریقے سے وضاحت کی گئی ہے۔ ان کا سمجھانے کا انداز بڑا ہی سہل ہے، بچے، جوان، بوڑھے، عورتیں سب اس سے یکساں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

غازی مونگیری خود بہترین قاری ہیں اور قرآت کی مشہور درس گاہ مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ کے سند یافتہ ہیں۔ یہ وہی غازی مونگیری ہیں جو روزانہ ریڈیو پاکستان (لاہور) سے اسلامی اور مذہبی پروگرام

(باقی بر صفحہ ۵۱)

© rasailojaraid.com